PAKISTAN
MEDICAL
ASSOCIATION

Hon. President
Dr. Ikram Ahmed Tunio

Hon. President Elect
Dr. Salma Aslam Kundi

Hon. Immediate Past President
Dr. Muhammad Ashraf Nizami

Hon. Secretary General
Dr. S.M.Qaisar Sajjad

Hon. Treasurer
Dr. Qazi Muhammad Wasiq

Hon. Joint Secretaries
Dr. Amir Saleem

Dr. Saeed Ahmed

Hon. Chairman E.B. JPMA
Dr. Sarwar Jamil Siddiqui

Hon. Editor The Medical Gazette
Dr. Muhammad Nasir Sulaiman

22مارچ2019

پریس ریلیز

پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز کے چیئرمین کے جراتمندانہ بیان کا خیرمقدم کرتی ہے جس میں انہوں نے وفاقی وزیر برائے نیشنل ہیلتھ سروسز کی جانب سے پی ایم ڈی سی کے معاملات میں مداخلت پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے غلط طریقے سے اپنے قریبی دوست کو پی ایم ڈی سی کا صدر منتخب کروایا ہے اور ڈاکٹروں کے ایک خاص گروپ کی حمایت کر رہے ہیں۔

پی ایم اے، پی ایم ڈی سی آرڈیننس 2019 کو پہلے ہی مسترد کر چکی ہے جس کے تحت موجودہ نامزد کردہ کونسل وجود میں آئی ہے۔ یہ پی ایم ڈی سی آرڈیننس 1962 کی مکمل خلاف ورزی ہے۔

پی ایم اے نے ہمیشہ پی ایم ڈی سی کے معاملات کو شفاف انداز سے چلانے کے لئے آزاد، خودمختار، جمہوری اور شفاف پی ایم ڈی سی کے قیام پر زور دیا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس آرڈیننس سے پی ایم ڈی سی کے معاملات میں کوئی تبدیلی نہیں آنے والی بلکہ یہ اُسی بدنظمی کا تسلسل قائم رہے گا جس کا مشاہدہ ہم کئی دہائیوں سے کر رہے ہیں۔

پی ایم اے سینٹ اور قومی اسمبلی کے ممبران سے درخواست کرتی ہے کہ وہ اس غیر قانونی، غیر آئینی اور تباہ کن آرڈیننس کے خلاف آواز اٹھا کر پی ایم اے کے موقف کی حمایت کریں اور مستقبل قریب میں دونوں ایوانوں میں پی ایم ڈی سی آرڈیننس 2019 کو مسترد کریں۔

پی ایم اے سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز کے چیئرمین اور تمام ممبران سے درخواست کرتی ہے کہ وہ پی ایم ڈی سی آرڈیننس 2019 کو مسترد کرتے ہوئے اس کے خاتمے کے لئے کام کریں۔ پی ایم اے، پی ایم ڈی سی کے آئین کے مطابق فوری انتخابات کا انعقاد چاہتی ہے تاکہ منتخب کونسل پی ایم ڈی سی کے معاملات قانون اور قاعدے کے مطابق چلائے۔

ڈاکٹر ایس ایم قیصر سجاد
سیکریٹری جنرل
پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن سینٹر

Aga Khan III Road, Karachi – 74400, Pakistan.
Tel: 021-32254632, 32251159, Fax: 32231534
Email: pma.centre@hotmail.com, Website: pmacentre.org.pk